# ۶۔ ابرِ کرم

محمد حسین آزاد

**پہلی بات :** ہمارے ملک میں زراعت روزگار کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ کھیتوں میں کسانوں کی محنت و مشقت سے اناج اُگتا ہے جس سے ملک بھر کے لوگوں کی غذائی ضرورت پوری ہوتی ہے۔ برسات آنے سے پہلے کسان بادلوں کو بڑی اُمید کے ساتھ دیکھتا ہے کہ یہی بارش جہاں ان کے کھیتوں کو سرسبز و شاداب کرتی ہے، وہیں مخلوقات کے لیے نعمتِ خداوندی ثابت ہوتی ہے۔

**جان پہچان :** محمد حسین آزاد ۱۸۳۱ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ وہ اُردو کے صاحبِ طرز انشا پرداز تھے۔ فارسی زبان پر انھیں کامل عبور حاصل تھا۔ آزاد اُردو میں تمثیل نگاری کے اہم ستون ہیں۔ 'نیرنگِ خیال' ان کے مضامین کا مجموعہ ہے جس میں تمثیل نگاری کے کامیاب نمونے موجود ہیں۔ 'آبِ حیات' میں انھوں نے اُردو کے قدیم شعرا کے متعلق اہم معلومات جمع کی ہے۔ 'آبِ حیات، دربارِ اکبری' اور 'سخن دانِ فارس' ان کی اہم تصانیف ہیں۔ ۲۳ر جنوری ۱۹۱۰ء کو ان کا انتقال ہوا۔

چلنا وہ بادلوں کا زمیں چوم چوم کر
اور اُٹھنا آسماں کی طرف جھوم جھوم کر

بجلی تو دیکھو ، آتی ہے کیا کوندتی ہوئی
سبزے کو ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا روندتی ہوئی

لو ، بادل اب گرجتے ہوئے سر پہ آگئے
اور شامیانے شرق سے تا غرب چھا گئے

کیا مست آیا جھوم کے ، سرشار ابر ہے
برسے گا آج خوب ، دھواں دھار ابر ہے

بوندوں میں جھومتی وہ درختوں کی ڈالیاں
اور سبز کیاریوں میں وہ پھولوں کی لالیاں

وہ ٹہنیوں میں پانی کے قطرے ڈھلک رہے
وہ کھاڑیاں بھری ہوئی ، تھالے چھلک رہے

گرنا وہ آبشار کی چادر کا زور سے
اور گونجنا وہ باغ کا پانی کے شور سے

جل تھل ہیں کوہ و دشت میں تالاب آب کے
گویا چھلک رہے ہیں کٹورے گلاب کے

**خلاصہ :** اس نظم میں شاعر نے برسات کے موسم کی منظرکشی کی ہے۔ شاعر کہتا ہے کہ بادلوں کو دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا ہے گویا وہ زمین کو چوم کر جھومتے ہوئے آسمان کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ بجلی کوندرہی ہے۔ ہوا سبزے کو روندتی ہوئی چلی جارہی ہے۔ بادل گرجتے ہوئے مشرق سے مغرب تک چھا گئے ہیں۔ ساون کی گھٹا کو دیکھ کر لگتا ہے موسلا دھار بارش ہوگی۔ بارش شروع ہونے کے بعد جنگلوں میں درختوں کی شاخیں لہرا رہی ہیں۔ کہیں آبشار کی گرج ہے، کہیں بارش کا شور۔ میدان اور پہاڑ سب پانی سے شرابور ہو چکے ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے گویا گلاب کے کٹورے چھلک رہے ہیں۔


## معانی و اشارات

| | | |
|---|---|---|
| کوندنا | چمکنا | Flash |
| روندنا | کچلنا | Trod |
| شامیانہ | سائبان | Canopy |
| شرق سے تا غرب | مشرق سے مغرب تک | East to West |
| سرشار | نشے میں چوُر، مست | Brimming, Intoxicated |
| دھواں دھار | تیز، پرزور | Excessive |
| لالی | سرخی | Redness |
| ڈھلکنا | ٹپکنا | Drip |
| تھالا | پانی کا ایک جگہ جماؤ | Puddle |
| آبشار | پانی کا جھرنا جو بلندی سے گرے | Waterfall |
| کوہ و دشت | پہاڑ اور جنگل | Mountains and woods |

## مشقی سرگرمیاں

نظم کا بغور مطالعہ کیجیے اور دی ہوئی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجیے۔

✦ 'جان پہچان' کی مدد سے معروضی معلومات پر مبنی شجری خاکہ مکمل کیجیے۔




✦ ابر کے لیے استعمال کی گئی صفات تحریر کیجیے۔

✦ نظم میں ڈالیوں کی حالت بیان کیجیے۔

✦ ابر کو 'ابرِ کرم' کہنے کا سبب لکھیے۔


✦ نظم میں جن قدرتی نظاروں کی منظر کشی کی گئی ہے، انھیں قلم بند کیجیے۔

✦ نظم سے چار ہم صوت الفاظ کی جوڑیاں تلاش کر کے لکھیے۔

✦ ابرِ کرم کے برس جانے سے پہلے اور بعد کی کیفیت کا موازنہ کیجیے۔

✦ نظم سے وہ شعر نقل کیجیے جس میں سمت کا تذکرہ آیا ہے۔

✦




✦ 'پہلی بارش اور میں' عنوان پر پندرہ سطروں کا مضمون لکھیے۔

✦ ایک دوسرے سے تعلق پہچان کر مناسب لفظ لکھیے۔

ا۔ ہوا : ٹھنڈی ٹھنڈی :: ابر : ........................

۲۔ تالاب : .................... :: قطرے : ٹپ ٹپ

✦ مناسب جوڑیاں لگائیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| بجلی | جل تھل کوہ و دشت ہیں |
| ہوا | آتی ہے کوندتی ہوئی |
| بادل | ڈھلک رہے |
| ابر | گرجتے ہوئے سر پہ آ گئے |
| تالاب | سبزے کو روندتی ہوئی |
| | برسے گا آج خوب |

✦ کیا مست آیا جھوم کے سرشار ابر ہے
برسے گا آج خوب، دھواں دھار ابر ہے

شعر کی مدد سے بارش سے پہلے کی منظر کشی کیجیے۔

✦ گرنا وہ آبشار کی چادر کا زور سے
اور گونجنا وہ باغ کے پانی کا شور سے

اس شعر کی مدد سے بارش کے بعد کا منظر بیان کیجیے۔